# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## فیکلٹی آف عربیک اینڈ اسلامک سٹڈیز

## شعبہ قرآن وتفسیر

کورس: مطالعہ نصوص قرآن (II) (4620) — سمسٹر: بہار 2014

سطح: ایم اے علوم اسلامیہ — کریڈٹ: 3

# بستہ برائے طلبہ

عزیز طالب علم! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید ہے کہ آپ کے مزاج بعافیت ہوں گے۔ آپ کا بستہ جسے بذریعہ ڈاک ارسال کیا جا رہا ہے مندرجہ ذیل درسی مواد پر مشتمل ہے۔ اگر اس بستہ میں کوئی چیز کم ہو تو یونیورسٹی ہذا کے شعبہ ترسیل کو اس کی اطلاع بروقت دیں تا کہ اس کمی کو پورا کیا جا سکے۔

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | درسی کتاب مطالعہ نصوص قرآن (II) | ایک عدد |
| 2۔ | خط برائے طلبہ (رہنمائے طلبہ) | ایک عدد |
| 3۔ | امتحانی مشقیں | 2 عدد |
| 4۔ | فارم برائے امتحانی مشقیں (پرت) | 2 سیٹ (06 عدد) |
| 5۔ | رہنمائے طلبہ (عمومی) | ایک عدد |
| 6۔ | امتحانی مشقوں کا شیڈول | ایک عدد |

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کورس رابطہ کار
ڈاکٹر عبدالحمید خان عباسی
ایسوسی ایٹ پروفیسر چیئر مین، شعبہ قرآن وتفسیر

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## فیکلٹی آف عربک اینڈ اسلامک سٹڈیز

### (شعبہ قرآن وتفسیر)

عزیز طالب علم السلام وعلیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

ایم اے علوم اسلامیہ کوڈ نمبر 4620 میں آپ کو خوش آمدید کہتے ہیں اور دینی تعلیم سے آپ کی دلچسپی کی قدر کرتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ ان شاء اللہ آپ اس کورس کو بہت مفید پائیں گے۔

آپ کی توجہ کے لیے یہ بات بتانا ضروری ہے کہ فاصلاتی نظام تعلیم میں بذریعہ مراسلت تعلیم حاصل کرنے کے لیے آپ کو زیادہ محنت کرنا ہوگی اور پابندی وقت اور مستقل مزاجی کے ساتھ مطالعہ کرنے کی عادت اپنانا ہوگی۔

آپ کا کورس ''مطالعہ نصوص قرآن (II) ''( کوڈ نمبر 4620) 09 یونٹوں پر مشتمل ہے۔ان ہی یونٹوں میں سے آپ کے 03 کریڈٹ کی دو مشقیں تیار کی گئی ہیں۔

## مشقیں حل کرنے کے راہنما اصول

1۔ مشقی سوالات کے جوابات کے لیے اچھا کاغذ استعمال کریں اور اس کے صرف ایک طرف لکھیں۔

2۔ کاغذ کے چاروں طرف مناسب حاشیہ چھوڑ دیں۔

3۔ جوابات تحریر کرنے سے قبل سوالات کا بغور مطالعہ کریں اور انہیں اچھی طرح سے سمجھیں۔اگر کوئی سوال مختلف اجزاء پر مشتمل ہو تو ہر جزو کا جواب الگ لکھیں۔

4۔ اگر کسی سوال میں کسی موضوع کے متعلق پوچھا گیا ہو تو کتاب کی عبارت نقل کرنے کے بجائے اپنے الفاظ میں جواب لکھیں۔اگر آپ تحقیقی اسلوب اپنانا چاہیں تو اس کا خیر مقدم کیا جائے گا۔ایم۔اے کی سطح پر مشقیں حل کرنے کے لیے تحقیقی اسلوب اختیار کر لینا یقیناً نمبروں میں اضافے کا باعث بھی بنے گا اور اعلیٰ ڈگریوں کے حصول کے لیے راستہ بھی ہموار کرے گا۔

5۔ سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کریں جہاں اختصار مطلوب ہو اختصار سے اور جہاں تفصیل مطلوب ہو تو تفصیل سے کام لیں ہر ایک صورت میں آپ کا جواب مدلل اور جامع ہونا چاہیے۔

6۔ مشقوں میں دیئے گئے سوالات کی ترتیب کے مطابق جوابات تحریر کریں۔جیسے سوال نمبر ۱، ۲، ۳، ۴، ۵۔

7۔ ہر ایک سوال کے جواب یا ہر ایک مشق کی تکمیل کے بعد نظر ثانی کے طور پر اسے ضرور پڑھیں تا کہ اغلاط کی تصحیح ہو جائے۔

8۔ قرآنی آیات اور احادیث تحریر کرتے وقت غلطیوں سے بچنے کے لیے خوب احتیاط سے کام لیں اور انہیں عام عبارت سے نمایاں کرنے کی کوشش کریں۔

9۔ مشقوں کے جوابات کے ساتھ "فارم برائے مشقی کام" کے تین پرت خود پر کر کے ارسال کریں۔ ہر ایک پرت پر اپنا نام و پتہ خوشخط لکھیں اور اپنا دستخط بھی ثبت کریں۔

10۔ جوابات پر مشتمل اوراق کو ترتیب وار نتھی کریں اور ہر ایک صفحہ پر نمبر لگائیں۔

11۔ اپنے ٹیوٹر کو مقررہ شیڈول کے مطابق مشقیں ارسال کریں اور مشق ارسال کرنے کی تاریخ ضرور لکھیں۔

12۔ مشقی کام حل کرنے کے دوران اگر کوئی مشکل یا ابہام پیش آئے تو اپنے ٹیوٹر سے رابطہ قائم کریں۔ اگر کسی وجہ سے متعلقہ ٹیوٹر سے رابطہ نہ ہو سکے تو ہمیں اطلاع دیں۔ اگر آپ کے لیے ممکن ہو تو یونیورسٹی ہذا کی فیکلٹی آف عریبک اینڈ اسلامک سٹڈیز کے شعبہ قرآن و تفسیر میں دفتری اوقات میں ہم سے ملاقات بھی کر سکتے ہیں۔

اللہ تعالی آپ کا حامی و ناصر ہو۔ اپنی دعاؤں میں ہمیں ضرور یاد رکھیں۔

کورس رابطہ کار
ڈاکٹر عبدالحمید خان عباسی
ایسوسی ایٹ پروفیسر/ چیئرمین، شعبہ قرآن و تفسیر

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## فیکلٹی آف عربیک اینڈ اسلامک سٹڈیز

### (شعبہ قرآن وتفسیر)

کورس: مطالعہ نصوص قرآن (II) (4620) — سمسٹر: بہار 2014

سطح: ایم اے علوم اسلامیہ — کریڈٹ: 3

## وارننگ

**عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:**

1- **اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی جعلی سٹوڈنٹ سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔**

2- **کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔**

## امتحانی مشق نمبر 1

سوال نمبر 1 سورۃ الرحمٰن کی آیت نمبر 10 تا 25، پھر آیت نمبر 35 تا 40 کا ترجمہ اور تفسیر "فی ظلال القرآن" کی روشنی میں تشریح کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2 سورۃ النجم کی آیت نمبر 1 تا 15 کا ترجمہ اور تفسیر "ضیاء القرآن" کے اسلوب کی روشنی میں تشریح کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3 سورۃ الجمعہ میں بیان ہونے والے مسائل کو "معارف القرآن" کی روشنی میں بیان کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4 سورۃ القلم کا تعارف کراتے ہوئے اس کی آیت نمبر 1 تا 16 کا ترجمہ اور تشریح کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5 سورۃ المعارج کا تعارف کرائیے اور اس کی آیت نمبر 1 تا 21 کا ترجمہ اور تدبر قرآن کے اسلوب کے مطابق تشریح کیجیے۔ (20)

## امتحانی مشق نمبر 2

سوال نمبر 1 سورۃ المدثر کا تعارف کراتے ہوئے اس کی آیت نمبر 1 تا 13 کا ترجمہ اور تفسیر "تفہیم القرآن" کے اسلوب پر تشریح کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2 سورۃ الدھر کا ترجمہ کیجیے اور تفسیر "معارف القرآن" از مفتی محمد شفیع کے اسلوب پر تشریح کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3 سورۃ البروج اور سورۃ الطارق میں بیان ہونے والے امور کو تفسیر ماجدی کی تشریحات کی روشنی میں بیان کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4 سورۃ الغاشیہ اور سورۃ الفجر میں بیان ہونے والی باتوں کو تفسیر ماجدی کی تشریحات کی روشنی میں بیان کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5 سورۃ العصر، سورۃ اللھب، سورۃ الاخلاص اور سورۃ الفلق و سورۃ الناس کا ترجمہ کیجیے پھر تفسیر المراغی کے اسلوب کے مطابق تشریح کیجیے۔ (20)